ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے گڈاپ ٹاؤن کے ٹیکس کمیٹی کے چیئرمین میر عباس ٹالپور سے میٹنگ
کرتے ہوئے اس موقع پر انچارج اینٹی انکروچمنٹ سیل سہیل یار خان اور کونسل ممبران بھی موجود ہیں

پاکستان کی تعمیر کرنا ہے

اسکو ہمیشہ سر بلند رکھنا ہے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات و تعلقات عامہ

پریس ریلیز

تاریخ 17/04/2024 حوالہ نمبر TMC/G/INF/045/24

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے کہا کہ علاقے سے وابستہ مسائل کو حل کرانا میرے ساتھ تمام متعلقہ اداروں کی زمہ داری ہے جو جس کا کام ہے وہ اپنے فرائض بروقت ادا کریں تو مسائل میں حیرت انگیز کمی واقع ہوگئی گڈاپ ٹاؤن کوشش کرتا ہے کہ اپنے اختیارات میں رہتے ہوئے ٹاؤن کی عوام کو سہولیات فراہم کریں گڈاپ ٹاؤن کی عوام کو مجھ سے جو توقعات وابستہ ہیں اسکو پورا کرنا میری اولین زمہ داری ہے مجھے معلوم ہے کہ عوام کے مسائل کو کس طرح سے حل کرانا ہے اس کے لیے گورنمنٹ فنڈز کے علاوہ ٹاؤن کے ٹیکسوں کی ریکوری زیادہ ہو تو ترقیاتی کام تیزی سے ممکن ہیں، اس خیالات کا اظہار چیئرمن نے گڈاپ ٹاؤن کے آفس میں ٹیکس کمیٹی کے ممبران سے میٹنگ کے دوران کیا، کمیٹی کے چیئرمین میر عباس ٹالپور اور ممبران محمد رفیق جوکھیو، عبدالستار جوکھیو، علی محمد گبول شامل تھے، انچارج اینٹی انکروچمنٹ سیل سہیل یار خان نے رپورٹ پیش کرتے ہوئے کہا کہ تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری ہے جس میں ناجائز پارکنگ، مقررہ حدود سے تجاوزات کا خاتمے، غیر قانونی ہاؤسنگ اسکیموں اور سوسائٹی کا قیام اور دیگر غیر قانونی کاموں پر جرمانے اور ٹیکس کی تفصیل سے آگاہ کیا، اس موقع پر وائس چیئرمین جام محمد جوکھیو، میونسپل کمشنر احمد، افسر مالیات افتخار احمد دایو، ڈائریکٹر HRM حاجی شریف شیخ، ڈائریکٹر انفارمیشن رضوان صابر، ڈپٹی ڈائریکٹر پراپرٹی عاطف علی بدر، پی ایس چیئرمین لال جان بنی بلوچ، ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن محمد شرجیل خان موجود تھے۔

جاری کردہ

ڈائریکٹر انفارمیشن

رضوان صابر

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

TMCGADAPOFFICIAL@GMAIL.COM TMC GADAP TMC GADAP WWW.TMCGADAP.GOS.PK